مولانا عبدالقیوم حقانی

تعارف وتبصرۂ کتب

درس قرآن

افادات حضرت العلامہ مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی مدظلہ، ۔ ۲۸ جلدیں مکمل
ہدیہ ۱۲۰۰ روپے ۔ ناشر: دارالاشاد مدنی روڈ اٹک شہر

حضرت العلامہ مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی مدظلہ، الامام الاہوری رح کے خلیفہ اجل، محقق مصنف روحانی مربی، دردِ دل رکھنے والے مصلح امت اور مخلص داعی ہیں ان کا نام آتے ہی اخلاص، سوز و گداز اور اللہ تعالیٰ کے دین کی خیرخواہی اور تبلیغ و مدافعت کا روشن تصور مجسم ہوکر سامنے آجاتا ہے حلقہ ہائے رشد وہدایت کے وسعتوں کے علاوہ ان کی بلند پایہ تصانیف اس کا شاہد عدل ہیں ان کی تمام تر مساعی اور شب و روز کے مشاغل کا بنیادی ہدف قرآن کی اشاعت و تبلیغ اور قرآنی تعلیمات کی ترویج ہے، درس قرآن مکمل (۲۸ جلدیں) یہی اس سلسلہ مقدس کی ایک سنہری کڑی ہے جس کی بیشتر جلدوں پر الحق کے صفحات میں تبصرہ و تعارف شائع ہوچکا ہے یہ سلسلہ درس واہ کینٹ کے احباب کے اصرار پر اپریل ۱۹۶۲ء میں شروع ہوا بالآخر مئی ۱۹۹۲ء میں اختتام پذیر ہوا جناب عثمان غنی بی اے بڑے اہتمام کے ساتھ اسے برابر کیسٹ سے نقل کرکے مرتب کرتے رہے اور "دارالاشاد" اٹک اسے شائع کرتا رہا۔ اب اٹھائیسویں جلد کی اشاعت سے درس قرآن مکمل ہوکر منظر عام پر آگیا ہے سادہ وسلیس ترجمہ، ربطِ آیات، اصلاح و موعظت کے اسباق، رشد وہدایت کے مضامین، ضروری فقہی مسائل کا استخراج، دل پر اثر کرنے والے خلاصے، مستند تفاسیر سے اخذ واستنباط، سلفِ صالحین کا مسلکِ اعتدال، ذہنی اور فکری تربیت کی تحریری غرض ہر جلد علوم الٰہیہ کا گنجینہ اور اسلامی معارف کا خزینہ ہے کسی لائبریری، کسی گھر اور کسی بھی اصلاحی اور تعلیمی حلقے کو اس سے خالی نہیں ہونا چاہیئے ائمہ مساجد اور خطباء اپنے یومیہ درسی معمولات میں اسے شامل کریں لکھے پڑھے حضرات اپنے تعلیمی حلقوں میں اس کے پڑھنے اور افادہ واستفادہ کا معمول بنالیں کہ اس سے بڑھ کر اصلاح انقلاب امت کا اور بہترین راستہ کونسا ہوسکتا ہے عمدہ طباعت، مضبوط جلد بندی معیاری کاغذ، شدید مہنگائی کے اس دور میں قیمت معقول ہے مگر مدرسین اور طلبہ کے لیے مزید خصوصی رعایتی ہدیہ ۱۰۰۰ + ڈاک خرچ ۷۳ روپے پیشگی بھیجنے پر مکمل سیٹ کی ترسیل اس پر مستزاد۔